جامعہ کراچی، ایوننگ پروگرامز داخلے ۲۰۲۱ء

وہ طلبہ جن کے نام داخلہ فہرستوں میں آچکے ہیں ان کے لئے ہدایات اور داخلہ فیس جمع کرانے کا طریقہ کار

ایسے طلبہ جن کے نام داخلہ فہرستوں میں آچکے ہیں وہ اپنی داخلہ فیس **مورخہ 2 سے 10 فروری 2021** تک مندرجہ ذیل طریقہ کار کے تحت جمع کراسکتے ہیں، نیز ایسے طلبہ جو مقررہ تاریخ کے دوران فیس جمع نہیں کرائیں گے ان کے داخلے منسوخ کردیئے جائیں گے اور مقررہ تاریخ کے بعد کوئی کلیم قابلِ قبول نہیں ہوگا۔

داخلہ فیس جمع کرانے کا طریقہ:

- طلبہ اپنے داخلے کے پورٹل پر اپنے داخلے کے شعبہ کا انتخاب / تصدیق کریں۔ (واضح رہے کہ شعبہ کا انتخاب اور تصدیق کرنے کے بعد تبدیل نہیں کیا جاسکے گا)
- اس کے بعد اپنے پورٹل پر انرولمنٹ فارم پُر کریں اور کلر پرنٹ کریں۔ (انرولمنٹ فارم پر پرنٹ کے بٹن سے پرنٹ حاصل کیا جاسکتا ہے)
- اس کے بعد فیس واؤچر کا پرنٹ کریں، داخلہ فیس واؤچر 2 صفحات اور 4 واؤچر پر مشتمل ہے۔ (انرولمنٹ فارم پر فیس واؤچر پرنٹ کے بٹن سے پرنٹ حاصل کیا جاسکتا ہے، فیس واؤچر کا کلر پرنٹ ضروری نہیں، سادہ پرنٹ بھی قابلِ قبول ہوگا)

انرولمنٹ فارم اور داخلہ فیس واؤچر کا پرنٹ حاصل کرنے کے بعد اُمیدواروں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ جامعہ کراچی میں واقع جمنازیم ہال (نزد UBL کیمپس برانچ) میں درج ذیل تمام دستاویزات کے ساتھ **مورخہ 2 فروری 2021 سے 10 فروری 2021 تک** (صبح 11:00 تا دوپہر 4:00 بجے تک) لازماً حاضر ہوں اور فیس واؤچر اور انرولمنٹ فارم کی تصدیق کرانے کے بعد UBL کاؤنٹر واقع جمنازیم ہال میں فیس جمع کرائیں۔ واضح رہے کہ داخلہ فیس صرف UBL کیمپس برانچ کے کاؤنٹر ہی پر کیش کی صورت میں وصول کی جائے گی **اس کے علاوہ کوئی بنک برانچ داخلہ فیس وصول کرنے کی مجاز نہیں۔**

داخلے کے عمل کی تکمیل کے لئے مندرجہ ذیل دستاویزات انرولمنٹ فارم کے ساتھ جمع کرانا لازمی ہے:

تمام تر دستاویزات مندرجہ ذیل ترتیب سے اسٹیپلر کرنا لازمی ہے۔

1۔ فیس واؤچر منسلک کریں۔

2۔ انرولمنٹ فارم (کلر پرنٹ) منسلک کریں۔

(جاری ہے......)

3۔ (ا) وہ طلبہ جن کا داخلہ ماسٹرز پروگرام میں ہوا ہے وہ گریجویشن کی اصل مارک شیٹ اور ایک عدد فوٹو کاپی منسلک کریں۔
طلبہ نے جس ادارے سے گریجویشن کا امتحان پاس کیا ہے اس ادارے کا جاری کردہ اصل کیریکٹر سرٹیفکیٹ منسلک کریں۔
وہ طلبہ جنہوں نے پرائیویٹ اُمیدوار کی حیثیت سے گریجویشن کیا ہے وہ کسی بھی گزیٹڈ آفیسر سے حاصل کردہ سرٹیفکیٹ منسلک کریں۔

(۲) وہ طلبہ جن کا داخلہ بیچلر پروگرام میں ہوا ہے وہ انٹرمیڈیٹ کی اصل مارک شیٹ اور ایک عدد فوٹو کاپی منسلک کریں۔
ایسے طلبہ جن کے داخلے A لیول کی بنیاد پر ہوئے ہیں ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ IBCC کا جاری کردہ اصل ایکولنس سرٹیفکیٹ اور A/O لیول کی تمام مارکس شیٹ (Result Transcripts) کی فوٹو کاپیوں کا ایک سیٹ منسلک کریں۔
طلبہ نے جس ادارے سے انٹرمیڈیٹ یا A لیول کا امتحان پاس کیا ہے اس ادارے کا جاری کردہ اصل کیریکٹر سرٹیفکیٹ منسلک کریں۔
وہ طلبہ جنہوں نے پرائیویٹ اُمیدوار کی حیثیت سے انٹرمیڈیٹ کیا ہے وہ کسی بھی گزیٹڈ آفیسر سے حاصل کردہ سرٹیفکیٹ منسلک کریں۔

4۔ طلبہ اپنے کمپوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) کی ایک عدد فوٹو کاپی منسلک کریں۔
اگر طالب علم کی عمر 18 سال سے کم ہے، اس صورت میں "ب" فارم کی فوٹو کاپی قابلِ قبول ہوگی۔

5۔ میٹرک سرٹیفکیٹ کی ایک عدد فوٹو کاپی منسلک کریں (وہ طلبہ جن کا داخلہ بیچلر پروگرام میں ہوا ہے)۔

6۔ میٹرک سرٹیفکیٹ کی ایک عدد فوٹو کاپی منسلک کریں اور انٹرمیڈیٹ /A لیول کے سرٹیفکیٹ یا مارک شیٹ کی ایک عدد فوٹو کاپی منسلک کریں (وہ طلبہ جن کا داخلہ ماسٹرز پروگرام میں ہوا ہے)۔

7۔ اصل Equivelance Certificate / Migration Certificate منسلک کریں۔
(صرف اُن اُمیدواروں کے لئے جن پر اطلاق ہوتا ہو)

نوٹ: ا) لازمی ہے کہ مندرجہ بالا دستاویزات میں سے کوئی بھی پلاسٹک کوٹڈ (Plastic Coated) نہ ہو۔
۲) مقررہ فیس کی ادائیگی کے بعد داخلہ شدہ داخلہ فیس واؤچر کی اسکین کاپی (Scan Copy) اپنے داخلے کے پورٹل پر لازماً منسلک (Attach) کریں۔

حکومت کی ہدایات کو مدِّنظر رکھتے ہوئے ہر طالب علم کو 3 دن فیس جمع کرانے کے لئے ہدایت کی گئی ہے اور یہ 3 دن ہر طالب علم کے فیس واؤچر پر بھی لکھ دیئے گئے ہیں۔ طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ انہی دنوں میں فیس جمع کرائیں تاکہ حکومت کی ہدایت کے مطابق مجمع سے گریز کیا جا سکے۔

تمام طلبہ کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ Covid-19 کیلئے حکومت کی جانب سے جاری کردہ SOPs پر لازماً عمل کریں